سنی نور شید پروڈکشن کا تیار کردہ

मालिक

مالک

اداکاران :۔ ثریا ۔ طلعت محمود، جیون، روپا، (قیمت ۱ر)

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دھلی

مالک کے گانے

نمبر ۱

پڑھو گے لکھو گے بنو گے نواب۔ جو کھیلو گے کودو گے ہو گے خراب
جو بچے کبھی لکھتے پڑھتے نہیں۔ وہ عزت کی سیڑھی پہ چڑھتے نہیں
یہی دن ہیں پڑھنے کے پڑھ لو کتاب۔ پڑھو گے لکھو گے....
صبح اُٹھ کے لو پہلے مالک کا نام
پھر اپنے بڑوں کو کرو تم سلام
رہو گے جہاں میں سدا کامیاب۔ پڑھو گے.....

نمبر ۲

منوہر :۔ من دھیرے دھیرے گائے رے معلوم نہیں کیوں۔ من...
نرملا :۔ ایک بات زباں پر آئے رے، کہتے ہوئے دل شرمائے رے
معلوم نہیں کیوں۔ من....
منوہر :۔ پلکوں میں چھپا کر گوری۔ لائی ہے ملن کی ڈوری
نرملا :۔ ایسا ساتھ ہے جیون بھر کا لو تھام لو بہیاں موری
منوہر :۔ چھپی دیکھ نظر للچائے رے معلوم نہیں کیوں۔ من..
نرملا :۔ آشاؤں نے لی انگڑائی۔ تن من میں بجی شہنائی

دل ڈوب گیا ستی میں، اِک لہر خوشی کی آئی

نرملا: دل ہاتھ سے نکلا جائے رے، معلوم نہیں کیوں۔

من ڈیرے ....

نمبر ۳

رنگیلیاں:۔ اِک چھیل چھبیلا آئے گا، کچھ ایسی چھبی دکھلائے گا

البیلی کو لے جائیگا، من سکھیوں کا للچائیگا

گھر والے ہم سے چھوٹ رہے ہیں، پھر دل میں لڈو پھوٹ رہے ہیں

رادھا:۔ البیلے سیاں جھولا جھلا جا رے

او آئی رم جھم رت اب آجا۔ سُندری:۔ البیلے سیاں...

جھولوں کیلئے کیسے ہنڈولے۔ آجا رے بالم بیٹے ڈولا

پیا ملن کے دن ہیں چھنیاں۔ کاڑھ دے گھونگھٹ بن جاؤ دلہنیا

توجھے چھپ کے دیکھے تو پیارا ہے۔ البیلے سیاں ....

نرملا:۔ پریم کا جھولا ڈال کے من میں۔ آؤ لگن سے جاؤں گگن میں

آگے بڑھوں تو درشن پا کے، پیچھے ہٹوں تو سب رنگ پھیکے

موری آنکھوں میں پیا سما جائے۔ البیلے سیاں ..

نمبر ۴

ماہ پارہ:۔ تیر نظروں سے چلائے، درد دل میں بھر دیا

میرے چھوٹے سے جیا کو تو نے گھائل کر دیا
سجنا جا میں نا ہیں بولوں
جیون بھر نہ معاف کرونگی تیری یہ خطا۔ نا ہیں بولوں جی سجنا جا
چندو:۔ میری جان تم کہو تو چیر کر دل اپنا دکھلا دیں۔
اگر تم ہم سے مانگو چاند تارے توڑ کر لا دیں
ہیرا:۔ اپنی بڑائی اپنے منہ سے دل والے کب کرتے ہیں
پیار ہے جن کا سچا۔ وہ چپکے ہی چپکے مرتے ہیں
کوئی نہ جانے میں پہچانوں تیرے دل میں کیا۔ نا ہیں بولوں سجنا جا۔۔
رحمان:۔ جہاں ملتی ہیں دو نظریں قیامت آ ہی جاتی ہے۔
رہے نہ دل پہ جب قابو مصیبت آ ہی جاتی ہے۔
ہیرا:۔ آنکھ سے جادو کرنے والے دل میں سمانا مشکل ہے
پریت لگانا آساں ہے۔ اور پریت نبھانا مشکل ہے۔
میں جب جانوں ڈھنگ تمہارے باتیں نہ بنا۔

نمبر ۵

ہیرا:۔ بہاروں کا زمانہ ہے۔ امنگوں پر جوانی ہے
بڑھیا:۔ غریبوں کے لئے یہ زندگی جھوٹی کہانی ہے۔
کتھگودن۔ بھگوان۔ بھگوان

بگڑی ہوئی تقدیر کا شکوہ نہ کرینگے ۔ مر جائینگے مالک تجھے رسوا نہ کریں گے
دُکھ درد دیئے تُو نے یہ احسان ہے تیرا
اب موت بھی دیدے تو مٹے غم کا اندھیرا
ہم بھول کے جینے کی تمنا نہ کرینگے ۔ مر جائیں گے .....
برباد ہیں پھر بھی ہے تیرا ہمکو سہارا ۔ ملجائیگا ٹوٹی ہوئی کشتی کو کنارا
ہم آس مٹا دیں کبھی ایسا نہ کریں گے ۔ مر جائینگے ....

نمبر ۶

منوہر :- زندگی کی قسم، ہو چکے اُن کے ہم
یہ زمانہ دیوانہ ہو جائے گے ۔ زندگی کی قسم ....
پیار کرکے نبھانا بڑی چیز ہے ۔ دل کی دنیا بھی آخر کوئی چیز ہے
یہ نہ ہوگا کہ ہم اُن سے مُنہ موڑلیں ۔ ڈور تقدیر کی باندھکر توڑدیں
آدمی وہ جو وعدے پہ قائم رہے ۔ زندگی ....
زور کس کا چلا ہے بھلا عشق پر ۔ اپنا اپنا ہے دل اپنی اپنی نظر
زندگی بھر نہ ہم اُن سے ہونگے جُدا
دل کی راہوں پہ چلتے رہیں گے سدا
جیسے طوفاں کی موج میں نیا بہے ۔ زندگی کی .....

نمبر ۷

نیرا :- پڑھوگے لکھوگے بنوگے نواب
جو کھیلوگے کودوگے ہوگے خراب
جو بچے کبھی لکھتے پڑھتے نہیں ۔ وہ عزت کی سیڑھی پہ چڑھتے نہیں
یہی دن پڑھنے کے پڑھ لو کتاب ۔ پڑھوگے ۔۔۔
بُرائی کے رستے سے بچکر چلو ۔ کبھی جھوٹ بولو نہ چوری کرو
اگر مر بھی جاؤ نہ پینا شراب ۔ پڑھوگے ۔۔۔۔۔
جواں ہو کے بھارت کے ہیرو بنو ۔ تم اتنے بڑے ہو باپو بنو
نہ ہو دنیا بھر میں تمہارا جواب ۔ پڑھوگے ۔۔۔۔

نمبر ۸

رادھا :- کیا تھا پیار تم سے پیار کرنے کی سزا پائی
ہمیں اب ہوش آیا جب ہمارے دل پہ بن آئی
ساحل کی تمنا تھی منجدھار میں آ بیٹھے
گھر تیرے لیے چھوڑا ، بازار میں آ بیٹھے
تقدیر نے ٹھکرایا ، مالک نے بھی منہ موڑا
گھبرا کے زمانے کے دربار میں آ بیٹھے
اُجڑا ہے چمن دل کا کانٹوں پہ بسیرا ہے
دنیا یہ سمجھتی ہے گلزار میں آ بیٹھے
(ختم شد)

میلاد کی کتابیں

میلاد شریف اکبر	ایک روپیہ	زیور ایمان	ایک روپیہ
میلاد شریف گوہر	"	میلاد بہار خاص	بارہ آنے
میلاد شریف طیش	بارہ آنے	میلاد شریف مقبول	ایک روپیہ
میلاد شریف شہید	"	مدینے کا پھول	چھ آنے
مولود بہار ولادت	آٹھ آنے	مدینے کی کلی	"
میلاد سعیدی	"	بہار مدینہ	چار آنے
میلاد سبتی	"		

زمانۂ حال کے بہترین شعرا کے کلام

زندہ نامہ	2/8/-	گنجینہ	3/-/-
جھومر	3/-/-	سرودِ زندگی	2/4/-
ساز و صدف	2/8/-	پرچھائیاں	1/4/-
نقشِ فریادی	2/4/-		

منگانے کا پتہ

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

لاجواب قصّوں کی کتابیں

داستان امیر حمزہ	5/-	فسانہ عجائب	1/-/-
داستان الف لیلیٰ	5/-	عورت ڈاکہ	-/6/-
قصہ حاتم طائی	1/8/-	چھبیلی بھٹیاری	-/6/-
باغ و بہار	1/4/-	داستان بہرام شاہ گلفام	-/6/-
گل بکاولی	1/-/-	کوہ قاف کی کہانی	-/6/-
گل صنوبر	-/8/-	ایک دن کا سلطان	-/6/-
طوطا مینا مکمل	1/8/-	موت کی گھاٹی	-/6/-
نورتن	-/12/-	قصہ شاہ روم	-/3/-

تصنیفات کویراج ہرنام داس بی۔اے

ہدایت نامہ خاوند	1/-/-	ہدایت نامہ [illegible]	1/8/-
ہدایت نامہ بیوی	1/8/-	ہدایت نامہ والدین پرورش بچگان	1/8/-
ہدایت نامہ صحت	1/8/-	محافظ جوانی	-/4/-

منگانے کا پتہ

رتن اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں، دہلی

(الہ آباد پریس دہلی)